RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ شوال سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت مستاجری فرضی	۱ و ۲
۲	رخصت علی حسن خان	۲
۳	بعد اطلاع و اجازت سرکار تقرر پہاڑ مستاجری ہو اکرنگا	۲ و ۳
۴	نسبت انسپکٹر صاحب جانب تحریری پیروی مقدمات و جداری [illegible]	۳ و ۴
۵	بابت بحالی سیان رضا حسین دار وغہ نان بوجہ قلت	۴
۶	نقشہ بارش و نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

مثل ناصیہ عرضداشت اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

نسبت نفاذ حکم متعلق مستاجری فرضی مع نقل عرضداشت

رپورٹ منظور ہے۔ اصل کاغذ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے

پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل حکم ہذا مع نقل رپورٹ اجلاس صاحب

جوڈیشل سکرٹری بہادر مین بھیجدیجاے وہانسے عدالت فوجداری مین اطلاع دیجائیگی۔

اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

نیلام و ٹھیکہ جات کے موقع پر اکثر لوگ فرضی بولتے ہین۔ اور درحقیقت خریدار دوسرا ہوتا ہے۔ اس طریقۂ عمل سے تحصیل کے وقت بہت دقت ہوتی ہے چونکہ جسکا نام فرضی ہوتا ہے وہ اکثر بوجہ ناداری اور کم مائیگی اس قابل نہین ہوتا کہ سرکاری روپیہ اس سے وصول ہوسکے اور درحقیقت جو مستاجر ہے وہ بوجہ اسکے کہ اسکا نام باضابطہ درج نہین آزاد رہتا ہے نیز تکمیل کے وقت ایسی صورتین بھی پیش آتی ہین کہ مستاجر (جسکے نام موضع ختم ہوا) یہ عذر کرتا ہے کہ یہ موضع مجھے فلان صاحب نے لیوا دیا ہے۔ اور مینے درحقیقت انکے واسطے لیا ہے اور اب وہ لینا نہین چاہتے اسمین سخت دقتین واقع ہوتی ہین۔ لہذا بدالنسبت ترقی خواہ آیندہ کے لئے اگر بندگان حضور منظور فرمائین تو اشتہارات نیلام و ٹھیکہ جات مین منجملہ اور شرائط کے یہ بھی اعلان کر دیا جائے کہ ہر شخص اپنے لئے خود یا اسکا مختار باضابطہ بولی بولکر ٹھیکہ لے سکتا ہے اور جس شخص کے لئے موضع لینا چاہتا ہے اسکا نام اسوقت ظاہر کرکے درج کرادے یا کسی معتبر اجازت کے ذریعہ سے کسی شخص کی جانب سے بولی بولتا ہو تو اسکا اظہار اسوقت کردے کسی شخص غیر معلوم کیواسطے بولی نہ بولے ورنہ درصورت خلاف اسپر موجب دفعہ ۱۸۸ مقدمہ قایم کیا جائیگا اور کسیوقت مین اسکا یہ عذر مسموع نہوگا کہ درحقیقت اسنے دوسرے کیواسطے موضع لیا ہے جبتک یہ صورت اختیار نہ کیجائیگی اس فرضی کارروائی کا سدباب نہوگا۔ لہذا بتربیل عرضداشت ہذا گذارش ہے کہ اس انتظامی صورت کی منظوری اجلاس ہمایون سے عطا فرمائی جاے اور درصورت منظوری درخواست ہذا عدالت فوجداری کو بھی بتوسط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر اطلاع ہوجانا مناسب ہے

والادب۔

ملخص آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۹ر ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب اسسٹنٹ سرجن بموجب درخواست ڈاکٹر شفاخانہ و نیز کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج لفٹنٹ علی حسن خان ڈبل کمپنی کمانڈر فرسٹ بٹالین کو سہ یک رخصت یکماہ از ۲۳ر ستمبر لغایت ۲۲ر اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء برائے آرام عطا ہوئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقعہ ۱۶ر ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

مشمولہ مثل روبکار نسبت دریافت کیفیت رائے از کمیٹی بابت انتظام خودمختاری مستاجران بابت مقرر کردینے پدوان حسب دلخواہ مع روئداد کمیٹی۔

حکم ہوا کہ

بیشک بعد اطلاع و اجازت از سرکار مستاجران کو پدہان مستاجری آیندہ سے بنانا چاہئے۔ راے کمیٹی مناسب و منظور ہے۔
براے اجراء احکام صدر کو مرسل ہو۔

[illegible]

روئداد کمیٹی

پدہان مقررہ مستاجران کی نسبت اجلاس اعلیٰ سے یہ حکم صادر ہوا ہے کہ آیندہ مستاجران باختیار خود پدہان مستاجران مقرر نہ کیا کریں ایسے تقرر کی اگر مستاجران کو ضرورت ہو تو سرکار سے اسکے واسطے مستدعی ہو کر منظوری حاصل کر لیا کریں تاکہ حصہ وغیرہ میں رعایت کیجانے سے موضع کی نکاسی میں کمی واقع نہو محمد مشتاق خان وغیرہ مستاجران سے اسکی بابت دریافت کیا گیا تو انکی یہ راے ہے کہ دیہات آبادی طلب میں سلسلہ تقرر پدہان کا ایسی صورت سے رکھا جاوے جیسا کہ اب تک ہے۔ باقی دیگر دیہات میں عملدرآمد منظوری اجلاس کیا جاوے تو غیر مناسب نہیں ہے کمیٹی کی راے میں جملہ دیہات میں مستاجری طرز عمل اس بارہ میں رکھا جانا مناسب ہے اگر کسی شخص آبادان کار یا ایسے کسی شخص کے ساتھ کسی رعایتی حصہ وغیرہ کا کیا جانا مستاجران کے نزدیک مناسب ہے کہ جس سے آبادی جدید موضع یا نکاسی موضع میں ترقی وسائل کی امید ہو تو مستاجران سرکار میں اسکی درخواست پیش کر کے شرح نقشی حصہ وغیرہ کی رعایت کی منظوری حاصل کر لیا کریں بلا اطلاع سرکار باختیار خود کسی کاشتکار کو آیندہ سے حصہ وغیرہ میں رعایت نہ کریں انکی درخواست پر بعد تحقیقات حکم منظوری صادر ہو جایگا یہ لوگ مستاجری پدہان کے نام سے موسوم ہونگے اور انکا اندراج رجسٹر تحصیل میں بلفظ پدہان مستاجری کیا جایگا اسوقت تک جو پدہان دیہات میں منجانب مستاجران مقرر ہیں انکا بدستور پدہان مستاجری رہنا مناسب ہے اسوقت انسے کسی تعرض کیجانے کی ضرورت نہیں ہے بعد منظوری ذریعہ گزٹ اشاعت فرمائی جاوے اور تحصیلدار صاحبان کو باجراے احکام عام مطلع فرما دیا جاوے کہ ایسی مستاجری پدہان جس موضع میں ہوں انکے نام اور شرح حصہ وغیرہ کا ایک جدید رجسٹر میں اندراج کر دیں اور یہ رجسٹر تحصیل میں مرتب رہے مثل بغرض منظوری ارسال اجلاس اعلیٰ ہو یہ بھی واضح ہو کہ اگر مستاجر بلا اطلاع کسیکو حصہ رعایتی دیدے تو اسکا عملدرآمد کاغذات میں بلا منظوری نہ کیا جاوے تو پٹواری اسکی اطلاع تحصیل میں کرے اگر پٹواری اسکی اطلاع نہ کریگا تو قابل بازپرس متصور ہوگا اور مستاجر کی یہ کارروائی دخل خود اختیاری متصور ہو کر قابل بازپرس ہوگی جو اطلاعاً گذارش ہو۔

دستخط
ممبران کمیٹی

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

مشمولہ کاغذات عرضی محمد یعقوب وکیل سرکار نسبت صدور حکم بنام کورٹ انسپکٹر صاحب براے پیروی مقدمات فوجداری بموجب عملدرآمد قدیم مع تحریر صاحب سشن جج بہادر۔

رپورٹ صاحب سشن جج بہادر ملاحظہ ہوئی۔ نسبت پیروی مقدمات فوجداری منجانب کورٹ انسپکٹر حسب حکم اجلاس کامل

مورخہ ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء مطبوعہ ۵ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء جو بدین خلاصہ موجود ہے کہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو خود کسی عدالت مین جاکر پیروی کسی مقدمہ مین کرنا یا کورٹ انسپکٹر کو جو انکا ماتحت ہے اجازت دینا جائز ہے لہذا جب کسی مقدمہ مین صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بجائے وکیل سرکار کورٹ انسپکٹر سے پیروی مقدمہ کرانا مناسب سمجھین تو تحریری اجازت پیروی مقدمہ کی کورٹ انسپکٹر کو دے سکتے ہین اور وہ تحریر صاحب موصوف کی شامل مثل کیجایگی اور کورٹ انسپکٹر اس مقدمہ کی پیروی کرسکینگے ایسی صورت مین صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس ہر مقدمہ مین استفسار فرماسکینگے کہ کون مقدمہ لایق پیروی کورٹ انسپکٹر ہے اور کونسا نہین ہے

لہذا حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل حکم ہذا کی اطلاعاً و تعمیلاً عدالت فوجداری ضلع اور عدالت سشن جج کو مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے - کاغذات ہذا داخل دفتر ہون -

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء

سید ارشاد حسین و انور علیخان وکلا حاضر ہین مثل مقدمہ ابتدائی فقیر محمد ترک ساکن حاجی نگر پرگنہ حضور تحصیل مدعی بنام شیر سنگہ وغیرہ دعوی یکصد روپیہ دکھلائی گئی تو معلوم ہوا کہ عرضی دعوی لکھا ہوا انور علیخان وکیل اور دونون وکلا اس مقدمہ مین وکیل تھے - وکلا مذکور اپنی غلطی کی بابت کہ عرضی دعوے مین تاریخ ایفاء وعدہ سے قبل ایک سال بنا رخاصمت کیسے تحریر ہوئی اور پھر اسکی ترمیم کیون نہین کردی گئی کچھ جواب نہ دے سکے - چونکہ وکلا مذکور کی اس قسم کی غلطی اور تساہل سے اہل معاملہ کو سخت نقصان پہنچتا ہے یہ امر فرائض وکالت کے خلاف ہے جیسا کہ مدعی مقدمہ کو نقصان پہنچا اور وہ زیر بار خرچہ عدالتی ہوا - لہذا اس فروگذاشت و تساہل کی بابت منجملہ خرچہ ہاے عدالتی کے جو مدعی برداشت کریگا - مبلغ انیس روپیہ وکلاء مذکور سے اسطرح دلائے جاتے ہین کہ بارہ روپیہ آٹھ آنے انور علیخان وکیل اندر تین ماہ باقساط مساوی داخل کردین اور چھہ روپیہ آٹھ آنے ارشاد حسین وکیل فورًا داخل کردین یہ کل رقم انیس روپیہ فقیر محمد مدعی کو دلائی جائیگی -

لہذا حکم ہوا کہ

ناظر بعد وصول رقم مذکورہ رپورٹ دین اور وکلاء مذکور ہدایت کیجائے کہ اپنا کام بہت احتیاط اور فکر سے انجام دین ورنہ سختی سے عمل کیا جائیگا - اور ایک نقل اسکی بغرض آگاہی عام وکلاء درج گزٹ ہو -

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۸ اکتوبر لغایت ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون	آج	از یکم جون	آج	از جون
۸ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع یوم یکشنبہ	٠	۲۹۴	٠	۳۳۱	٠	۲۸۸	٠	۱۷۸	٠	۲۵۸	٠	۲۳۹
۹ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع یوم دوشنبہ	٠	۲۹۴	٠	نقشہ نہیں آیا	٠	۲۸۸	٠	نقشہ نہیں آیا	٠	۲۵۸	٠	۲۳۹
۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع یوم سہ شنبہ	٠	۲۹۴	٠	"	٠	۲۸۸	٠	"	٠	۲۵۸	٠	۲۳۹
۱۱ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع یوم چہارشنبہ	٠	۲۹۴	٠	"	٠	۲۸۸	٠	"	٠	۲۵۸	٠	۲۳۹
۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع یوم پنجشنبہ	٠	۲۹۴	٠	"	٠	۲۸۸	٠	"	٠	۲۵۸	٠	۲۳۹
۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع یوم جمعہ	٠	۲۹۴	٠	"	٠	۲۸۸	٠	"	٠	۲۵۸	٠	۲۳۹
۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع یوم شنبہ	٠	۲۹۴	٠	"	٠	نقشہ نہیں آیا	٠	"	٠	۲۵۸	٠	نقشہ نہیں آیا
۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع یوم یکشنبہ	٠	۲۹۴	٠	"	٠	"	٠	"	٠	نقشہ نہیں آیا	٠	"

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۹ اکتوبر لغایت ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	٠	٠	٠	۱۲ ۱۰ ر	۱۳ ۱ر	٠	علاوہ بلاسپور و سوار کے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	٠	٠	٠	۱۵ ۱ر	۱۵ ۱ر	٠	
نخود کسہ آمیز	٠	٠	٠	۱۶ ۱ر	۱۵ ۱ر	٠	
کسیرہ	٠	٠	٠	٠	۱۵ ۱ر	٠	
ماش	٠	٠	٠	۸ ۱ر	۸ ۱ر	٠	
مونگ	٠	٠	٠	٠	۸ ۱ر	٠	
مکا	٠	٠	٠	۸ ۱ر	۲۰ ۱ر	٠	
جئے	٠	٠	٠	۱۷ ۱۰ ر	۸ ۱ر	٠	
گوجئے	٠	٠	٠	۱۵ ۱ر	۲۰ ۱ر	٠	
عدس	٠	٠	٠	٠	٠	٠	
ارہر	٠	٠	٠	۱۷ ۱۰ ر	٠	٠	
برنج	٠	٠	٠	۷ ۱ر	۷ ۱ر	٠	
روغن زرد	٠	٠	٠	۲ ۱ر	۱۰ ر ر	٠	
روغن سیاہ	٠	٠	٠	۲ ۱ر	۲۷ ۱ر	٠	
روغن کند	٠	٠	٠	۱۷ ۱ر	۱۷ ۱ر	٠	
نمک سانبھر	٠	٠	٠	۱۳ ۱ر	۱۴ ۱ر	٠	
نمک لاہوری	٠	٠	٠	٠	۱۲ ۱ر	٠	
قند سیاہ	٠	٠	٠	۵ ۱ر	۵ ۱ر	٠	
باجرہ	٠	٠	٠	٠	٠	٠	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور